P.R.NO.03/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی آج مظفر آباد آزاد کشمیر میں علاقائی دفتر کا افتتاح کریں گے

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی آج (بدھ)مظفر آباد آزاد جموں وکشمیر میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے علاقائی دفتر کا افتتاح کرنے کے لئے مظفر آباد پہنچ گئے ہیں، وہ اس موقع پر آزاد جموں وکشمیر میں نادرا، بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس، واپڈا، پاکستان پوسٹ، قومی بچت، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سمیت وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کے علاوہ اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ وفاقی محتسب بدھ (22 جنوری) کو پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) مظفر آباد میں ساڑھے گیارہ بجے ایک پریس کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

21 جنوری 2025ء